صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 16 مئی 2024ء بمطابق 07 ذی القعد 1445 ہجری بعداز دوپہر تین بجکر چالیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، بابر سلیم سواتی مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

وَاذۡکُرُوۡا نِعۡمَۃَ اللّٰہِ عَلَیۡکُمۡ وَمِیۡثَاقَہُ الَّذِیۡ وَاثَقَکُمۡ بِہٖO اِذۡ قُلۡتُمۡ سَمِعۡنَا وَاَطَعۡنَا وَاتَّقُوا اللّٰہَO اِنَّ اللّٰہَ عَلِیۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِO یٰۤاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا کُوۡنُوۡا قَوّٰمِیۡنَ لِلّٰہِ شُہَدَآءَ بِالۡقِسۡطِ وَلَا یَجۡرِمَنَّکُمۡ شَنَاٰنُ قَوۡمٍ عَلٰۤی اَلَّا تَعۡدِلُوۡاO اِعۡدِلُوۡا ہُوَ اَقۡرَبُ لِلتَّقۡوٰی وَاتَّقُوا اللّٰہَO اِنَّ اللّٰہَ خَبِیۡرٌۢ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَO وَعَدَ اللّٰہُ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ لَہُمۡ مَّغۡفِرَۃٌ وَّاَجۡرٌ عَظِیۡمٌ وَالَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا وَکَذَّبُوۡا بِاٰیٰتِنَاۤ اُولٰٓئِکَ اَصۡحٰبُ الۡجَحِیۡمِ۔

(ترجمہ): اللہ نے تم کو جو نعمت عطا کی ہے ان کا خیال رکھو۔ اور اس پختہ عہد وپیمان کو نہ بھولو جو اس نے تم سے لیا ہے۔ یعنی تمہارا یہ قول کہ ہم نے سنا اور اطاعت قبول کی، اللہ سے ڈرو، اللہ دلوں کے راز جانتا ہے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو اللہ کی خاطر انصاف اور راستی پر قائم رہنے والے اور انصاف کی گواہی دینے والے بنو۔ کسی گروہ کی دشمنی تم کو اتنا مشتعل نہ کردے کہ تم عدل اور انصاف سے پھر جاؤ۔ عدل کرو۔ خدا ترسی سے زیادہ عدل مناسبت رکھتا ہے۔ اللہ سے ڈر کر کام کرتے رہو جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے پوری طرح باخبر ہے۔ جو لوگ ایمان لائیں اور نیک عمل کریں اللہ نے وعدہ کیا ہے کہ ان کی خطاؤں سے درگزر کیا جائے گا۔ اور انہیں بڑا اجر ملے گا۔ رہے وہ لوگ جو انکار کریں اور کفر کریں، اللہ کی آیات کو جھٹلائیں تو دوزخ میں جانے والے ہیں۔ وآخِرُ الدَّعوَانا أَنِ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِینَ۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: ان معزز اراکین نے اسمبلی سے رخصت کے لئے آج کے لئے درخواستیں ارسال کی ہیں:
جناب عبدالسلام، ایم پی اے، دو یوم، 15 تا 16 مئی، جناب ظاہر خان، ایم پی اے، دو یوم، 16 تا 17 مئی، جناب ارباب عثمان، ایم پی اے، دو یوم، 16 تا 17 مئی، جناب ارباب محمد وسیم، ایم پی اے، ایک یوم، جناب ریاض خان، ایم پی اے، ایک یوم، جناب محمد ابرار خان، ایم پی اے، ایک یوم، جناب طفیل انجم صاحب، ایم پی اے، ایک یوم، سید فخر جہاں صاحب، مشیر وزیر اعلیٰ، ایک یوم، جناب عبدالکریم خان، سپیشل اسسٹنٹ برائے وزیر اعلیٰ، ایک یوم، جناب کرامت اللہ صاحب، ایم پی اے، ایک یوم، جناب فیصل خان ترکئی، صوبائی وزیر تعلیم، پندرہ یوم، محترمہ شہلا بانو صاحبہ، ایم پی اے، ایک یوم۔

Is this the desire of the House that the leave may be granted to these Members by the House? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The leave is granted.

بجٹ برائے رواں مالی سال 2023-24 کے مطالبات زر پر بحث اور رائے شماری

Mr. Speaker: Item No. 4: The honourable Minister for Law, to please move his Demand No. 1. Honourable Minister for Law and Finance.

جناب آفتاب عالم آفریدی (وزیر قانون و خزانہ): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میں وزیر قانون و پارلیمانی امور و انسانی حقوق صوبہ خیبر پختونخوا تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 20 کروڑ 25 لاکھ اور 02 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2024ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران صوبائی اسمبلی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is: that a sum not exceeding Rs. 20 crore, 25 lac and 02 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2024, in respect of Provincial Assembly.

Since no cut motion has been moved on Demand No. 1, therefore, the question before the House is that Demand No. 1 may

be granted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand No. 1 is granted. Demand No. 2: The honourable Minister for Law, to please move Demand No. 2. Honourable Minister for Law, please .

وزیر قانون و خزانہ:.Demand for Grant No. 2 میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 05 ارب 84 کروڑ 16 لاکھ 64 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2024ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران نظم و نسق عمومی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is: that a sum not exceeding Rs. 05 arab, 84 crore, 16 lac, 64 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2024, in respect of General Administration.

Cut Motions on Demand No. 2: Mr. Mushtaq Ahmad Ghani, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 2.

جناب مشتاق احمد غنی: میں مبلغ دس ہزار روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کے خلاف Because of the poor performance of the caretaker government at that time. Caretaker جو اس ڈیپارٹمنٹ نے اس ٹائم میں کیا government کے دوران۔

جناب سپیکر: نہیں، Withdraw نہیں کی؟

The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees 10 thousands only. Ms. Sobia Shahid, MPA, to please move her cut motion on Demand No. 2.

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر صاحب، میں دس روپے کی کٹ موشن پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees 10 only. Mr. Ijaz Ahmad, MPA, to move please his cut motion on Demand No. 2. Mr. Ijaz Muhammad, MPA, please.

جناب اعجاز محمد: مہربانی۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب، موشن پر آج میں، اچھا 100 روپے کٹ موشن میں نے پیش کی جی، میں بات کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: جناب، آپ بات کرنا چاہتے ہیں ناں؟

جناب اعجاز محمد: جی جی۔

جناب سپیکر: کرلیں بات۔

جناب اعجاز محمد: ٹھیک ہے جی، مہربانی۔ سر، آج میں ریونیو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اچھا، پہلے Move ہو جائیں ساری ناں، تو پھر اس پر بات۔۔۔

جناب اعجاز محمد: سر، بعد میں کرلونگا۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے۔

Ms. Rehana Ismail, MPA, to please move her cut motion on Demand No. 2.

محترمہ ریحانہ اسماعیل: ڈیمانڈ نمبر تھری میں؟ سوری، میں نے سنا نہیں، ڈیمانڈ نمبر کونسا ہے؟

جناب سپیکر: ڈیمانڈ نمبر 2 پر جی۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: اچھا جی، 10 روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees 10 only.

اب یہ بات کرلیں اس پہ، مشتاق احمد غنی صاحب۔

جناب مشتاق احمد غنی: تھینک یو، جناب سپیکر، یہ عجیب لگ رہا ہوگا کہ ٹریژری بنچز سے کٹ موشن آئی ہے، اصل بات یہ ہے کہ میں نے پہلے بھی اپنی بجٹ سپیچ میں کہا تھا کہ جو ظلم و بربریت تحریک انصاف کے ساتھ ہوئی ہے، اس کے ذمہ دار یہ تمام محکمہ جات ہیں جن میں ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ ہے، جن میں فنانس ڈیپارٹمنٹ ہے، جن میں ہوم ڈیپارٹمنٹ ہے، پیسے سرکاری خزانے سے نکلتے رہے ہیں اور نشانہ تحریک انصاف بنتی رہی ہے۔ کہیں لوگوں کے گھروں پہ Raids ہوئے، لوگوں کے بچوں کو اٹھایا گیا، ائرپورٹوں پر لوگ روکے گئے، اسی پولیس کے ذریعے، اور پھر اسی ایڈمنسٹریشن کے تحت جتنے بھی اور اسٹیبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے تحت جتنے بھی لوگ لگے ہوئے ہیں، جو ROs تھے، DROs تھے، ان ساروں نے مل کر کئی جگہوں پہ ہمارے Papers reject کئے، ہمارے لوگوں کو اٹھایا گیا، میرے اپنے بھائی کو اٹھایا گیا جو Rejection میرے Papers کی ہوئی تھی، اس کے خلاف صرف ہائی کورٹ میں ٹریبونل

میں پیش ہونے کے لئے جا رہے تھے، تو ان کے پیسے ہم کیسے منظور کریں؟ مجھے تو یہ بڑی ہی عجیب بات لگتی ہے کہ تین مہینے کی حکومت آٹھ مہینے رہتی ہے، میں تو اس کو Unconstitutional government سمجھتا ہوں، مجبوری یہ ہے کہ آئین یہاں پہ ہمیں اور ڈائریکشنز دے رہا ہے، آئین کو تو یہ ڈائریکشنز دینا چاہیئے تھیں کہ Unconstitutional government کی کوئی چیز عوام میں نہ لائی جائے لیکن یہاں پہ آئین کہتا ہے کہ آپ ان کے بجٹ کو پاس کریں، ہم مجبوراً پاس کر دیں گے لیکن سترہ سو (1700) نوکریوں کا کیا ہو گا جو جناب سپیکر، جو انہوں نے بھرتیاں کی ہیں؟ یہ ROs نے جو ہمارے ساتھ ظلم کیا ہے، ان کا کیا ہو گا، DROs کا کیا ہو گا؟ آج تک وہ براجمان ہیں، پھر جاتے جاتے پچھلی حکومت نے ایک اور عظیم کارنامہ کیا جس سے ہمارے یہ سارے آنریبل منسٹرز Suffer کر رہے ہیں، جتنے گھر تھے بیوروکریٹس کے، وہ Lock کر کے چلے گئے، آج آپ کے وزیر گھروں کے لئے مارے مارے پھر رہے ہیں، ان کو کوئی گھر نہیں مل رہا، صرف آٹھ وزیروں کو گھر ملے ہیں، So میں اپنی یہ کٹ موشن واپس نہیں لیتا، اس پہ میں چاہوں گا کہ کچھ As a total چیز منظور کریں، جتنا ظلم ہوا ہے، اس کے مقابلے میں 10 ہزار تو کوئی چیز ہی نہیں ہے، میں جیب سے دے دوں گا لیکن اس کو ہمیں پاس کرنا چاہیئے۔

<u>جناب سپیکر:</u> ثوبیہ شاہد صاحبہ۔

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد:</u> تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، میں بالکل مشتاق غنی صاحب کے ساتھ اس کی حمایت میں بات کرتی ہوں کہ بالکل جو اس نو (9) مہینے میں ہوا ہے، خاص کر نو (9) مئی پہ جو ہمارے اس ریڈیو سٹیشن پہ حملہ ہوا تھا، جو کرنل شیر خان پہ ہمارے شہیدوں کے مجسمے پہ جو زیادتی اور اس کے ساتھ ہوا تھا، سوات موٹروے کے ساتھ جو ہوا تھا، جناب سپیکر صاحب، ان سارے محکموں سے ان لوگوں سے پوچھا جائے کہ یہ کیوں ہوا تھا اور ان کو کیوں چھوڑا گیا؟ اور اگر ان کو سزا نہ ملی تو جناب سپیکر صاحب، ہر کوئی اس ایوان میں بھی، باہر بھی، ہسپتالوں میں بھی، ہر جگہ اب لوگ احتجاج پہ اٹھیں گے کیونکہ جوڈیشری سے اور اداروں سے، پولیس سے اور ہر محکمہ سے، جو ہماری حفاظت کر رہے ہیں، ہمارے لئے یہ لوگ تنخواہیں لے رہے ہیں، لوگ ان کے خلاف احتجاج کریں گے، جیسے کہ ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب نے کہا ہے کہ اینٹ اٹھا کر اس کے سر پہ مارو، تو کل ہم، اگر ان پہ ایکشن نہیں لیا گیا جناب سپیکر، تو ہم بھی اپنے ساتھ پھر اس ایوان میں اینٹیں لے کر آئیں گے اور جس منسٹر کا بھی ہمیں کوئی ثبوت دے گا تو سیدھا دو قدم جا کر اس کے سر پہ ماریں گے کیونکہ ہمارے وزیر اعلیٰ نے کہا ہے، ہم ان حرکتوں پہ آئیں گے، تو جناب

سپیکر صاحب، ریکویسٹ ہر ادارے سے کر رہی ہوں، ہر محکمے سے کر رہی ہوں کہ اپنی ذمہ داریاں سنبھالے اور اپنی پوسٹوں اور اپنی پوسٹنگز اور اپنے مفادات کے لئے نہ دیکھے۔ جو حلف اٹھائے ہیں آپ لوگوں نے، اس ملک کو بچائیں ورنہ جس طرح کشمیر میں جو خون ریزی ہوئی ہے، جو لوگ شہید ہوئے ہیں اور جس طرح وہ احتجاج کر رہے تھے، ہمارے آفیسرز کو گلے پڑ رہے ہیں، تو اگر ابھی آپ لوگ یہ چھوڑیں گے اس طرح کہ چلو کرنے دو، تو یہ آپ لوگوں کے گھر تک یہ لوگ پہنچ جائیں گے احتجاج میں، سب سے پہلے میں ہی سٹارٹ کروں گی اس ایوان سے، ان منسٹروں کے ساتھ سٹارٹ کروں گی۔ تو جناب سپیکر صاحب، بالکل میں مشتاق غنی صاحب کا ساتھ دے رہی ہوں، بالکل جس طرح آپ لوگ کہہ رہے ہیں کہ یہ غیر قانونی ہے تو بالکل یہ غیر قانونی ہے اور آپ لوگوں نے یہ بجٹ پاس نہیں کرنا۔

<u>جناب سپیکر صاحب</u>: ٹھیک ہے، تھینک یو۔ اعجاز محمد صاحب۔

<u>جناب مشتاق احمد غنی</u>: ثوبیہ بی بی نے جو بات کی ہے، میں اس کو ذرا Explain کرنا چاہتا ہوں کہ میری بڑی اچھی بہن ہیں، ہر موقع سے یہ نو (9) مئی کو نکالتی ہیں، یہ ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کی بات ہو رہی ہے بی بی! اور میں یہ کہہ رہا ہوں کہ وہ ہمارے ساتھ جو زیادتیاں ہوئی تھیں الیکشن کے دوران اور اس دوران، اس کے اوپر بات کر رہے ہیں، باقی جو بات آپ نے کی، نو (9) مئی کی تحقیقات ہونی چاہئیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: تھینک یو، سر۔

<u>جناب مشتاق احمد غنی</u>: تو میں یہ کہتا ہوں کہ ہمارے لیڈر عمران خان صاحب نے پہلے ہی جوڈیشل کمیشن کا مطالبہ کیا ہوا ہے (تالیاں) کہ جوڈیشل کمیشن بنے، حق اور سچ کا پتہ چلے، ہمارے لوگ تو اچانک باہر نکل گئے تھے، جب ہمارے لیڈر کو بہیمانہ طریقے سے ہائی کورٹ سے اٹھایا گیا تھا، کوئی Pre-planned نہیں تھا، آگے کام چلا رانا ثناء اللہ صاحب کا، ان کے بندے آگے چلے گئے، ہماری ٹوپیاں اور جھنڈے اٹھا کر ساری کارروائی انہوں نے کی لیکن یہ تحقیق ہو تو ایک ایک بات Cristal clear سامنے آجائے گی۔ تھینک یو۔

<u>جناب سپیکر</u>: اعجاز محمد صاحب۔

<u>جناب اعجاز محمد</u>: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ آج میں محکمہ مال پر بات کرنا چاہتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر</u>: یہ جنرل ایڈمنسٹریشن ہے جی۔

جناب اعجاز محمد: جی، اچھا جی، ٹھیک ہے جی، ٹھیک، ٹھیک ہے جی۔ اچھا میں اپنا مؤقف واپس لیتا ہوں اور دوبارہ اپنے ریونیو پر آنا چاہتا ہوں جی، تھینک یو سر، تھینک یو سر۔

جناب سپیکر: جی تھینک یو، تھینک یو۔ محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: جی، میں 10 روپے کی کٹ موشن پیش کرتی ہوں، جی بات کرنی ہے اس پہ۔

جناب سپیکر: نہیں نہیں، آپ بات کرنا چاہیں تو کر سکتی ہیں۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: میں تو صرف آپ لوگوں کی ریکویسٹ پہ باقی کٹ موشنز واپس لیتی ہوں لیکن صرف پی اینڈ ڈی پہ کچھ بات کرنا چاہتی ہوں۔

جناب سپیکر: چلیں ٹھیک ہے، جب اس کی باری آئے گی تو پھر۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: اچھا، اس میں سپلیمنٹری نہیں ہوتا جی، آپ بحث میں بات کر چکے ہیں، Demands for grant پہ کوئی سپلیمنٹری کوئسچن نہیں لے سکتے ہم، Rules اس کو Allow نہیں کرتے، اس پہ آپ نہیں لے سکتے، آپ پلیز تشریف رکھیں۔ اچھا اس کو میں پیش کر دوں، اگر آپ Withdraw کرتے ہیں، جناب مشتاق احمد غنی صاحب اور ثوبیہ شاہد صاحبہ۔

جناب مشتاق احمد غنی: جناب سپیکر، میں تو Withdraw نہیں کر رہا، 10 ہزار روپے ہیں ٹوٹل، میں جیب سے دے دیتا ہوں لیکن اس کو پاس کرائیں تاکہ ایک میسج جائے ہماری طرف سے کہ We hate these people یہ جو 08 مہینے کی ناکام اور نااہل حکومت تھی، Unconstitutional حکومت تھی اور اس ایوان نے ان کے خلاف 10 ہزار کی ایک کٹوتی کی تحریک کو پاس کیا ہے۔

جناب سپیکر: وزیر محترم، آپ معزز ایم پی اے صاحبان سے بات کریں، دیکھیں، اگر ایک کٹ موشن لگ گئی تو وہ 10 ہزار روپیہ کسی اور کو جائے گا، آپ کی تمام بجٹ ڈاکیومنٹس پھر دوبارہ سے Prepare ہونگی، پھر دوبارہ سے Sitting میں آئیں گی تو پلیز، ان سے آپ۔

وزیر قانون و خزانہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میں تمام ممبران سے خصوصاً میرے بھائی، ہمارے بڑے مشتاق غنی صاحب سے ریکویسٹ کریں گے کہ وہ یہ کٹ موشن واپس لیں، احتجاج ہم سب کا ہی ہے، یہی رونا ہم سب ہی رو رہے ہیں لیکن اس کیلئے باقی بھی فورمز ہیں، بہر حال۔

جناب سپیکر: ثوبیہ شاہد صاحبہ۔

وزیر قانون و خزانہ: ثوبیہ بی بی سے بھی ہم ریکویسٹ ہی کرتے ہیں۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر صاحب، میں نے تو اپنے بھائی مشتاق غنی صاحب کے ساتھ کھڑے ہونے کا عزم کیا ہے، اگر وہ ولپس لیتا ہے (تالیاں) تو میں لے لوں گی اور اگر وہ نہیں لیتا تو ہماری یہ ساری اپوزیشن مشتاق غنی صاحب کے ساتھ کھڑی ہے۔

جناب سپیکر: جناب!

جناب مشتاق احمد غنی: منسٹر صاحب، آپ کے اور سپیکر صاحب، (تالیاں) آپ نے میری بات ہی نہیں سنی، میں منسٹر صاحب اور سپیکر صاحب دونوں سے یہ ریکویسٹ کرتا ہوں، دونوں سے یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اگر وہ یہ وعدہ کرتے ہیں کہ یہ ان کیسز کو پبلک اکاؤنٹ کمیٹی کو بھیجیں گے اور دیگر تحقیقاتی اداروں کو بھیجیں گے (تالیاں) جو 08 مہینے کی کرپشن ہوئی ہے، تو پھر میں اپنی تحریک واپس لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: جناب آنریبل مشتاق احمد غنی صاحب، آپ ہمارے بڑے بھی ہیں، آپ سے ہم نے بہت کچھ سیکھا بھی ہے، بجٹ کے معاملات کو تو میں پبلک اکاؤنٹس کمیٹی میں نہیں بھیج سکتا، گورنمنٹ آپ کو کوئی ایشورنس دیتی ہے تو وہ وزیر صاحب موجود ہیں، یہ اور یہ اپنے ٹائم پہ یہ چیزیں جب Paras بنیں گے تو پھر اس ٹائم پہ جب آئیں گی، تو پھر ان کو ہم اس طرح دیکھیں گے۔

جناب مشتاق احمد غنی: یا ہاؤس کی کمیٹی بنا کر آپ اس کے سامنے پیش کر سکتے ہیں۔

جناب سپیکر: اس پہ کمیٹی میرا خیال نہیں کہ ہم بنا سکتے ہیں، گورنمنٹ اگر چاہے تو وہ اپنی ہی کمیٹی اس پر بنا سکتی ہے۔

وزیر قانون و خزانہ: جی جناب سپیکر، اس پہ ہاؤس کمیٹی آپ بنا سکتے ہیں تو۔

جناب سپیکر: گورنمنٹ بنائے جی، ہاؤس اس پہ نہیں بنا سکتا، بعد میں جب اس پہ آئے گا تو پھر دیکھا جائے گا۔

وزیر خزانہ: چلیں جی، ہم وزیر اعلیٰ صاحب سے بات کریں گے۔ ان شاء اللہ گورنمنٹ بنائے گی، جی۔

جناب سپیکر: یہ پاس کرتے ہیں، اس کے بعد یہ آپ کو Assure کرائیں۔

وزیر قانون و خزانہ: اور آپ سے ایک بار پھر ریکویسٹ ہے کہ ان شاء اللہ وزیر اعلیٰ صاحب سے بات کریں گے، ان شاء اللہ۔

جناب سپیکر: کیا آپ Withdraw کرتے ہیں؟ مشتاق احمد غنی صاحب۔

جناب مشتاق احمد غنی: جب وہ آئیں بائیں شائیں کر رہے ہیں تو۔

جناب سپیکر: مشتاق غنی صاحب کا مائیک On کریں ناں، بات تو پوری ہو، بس انہوں نے Withdraw کر لیں جی۔

جناب احمد کنڈی: جناب سپیکر، یہ ایک منسٹر ہے، منسٹر پوچھتے نہیں، منسٹر Decision کرتے ہیں، یہ ہماری کیبنٹ کے بڑے ذمہ دار منسٹر ہیں۔ Caretaker setup میں اس کے خلاف یہ لوگ کمیٹی بنائیں گے کیونکہ بجٹ کے اوپر کمیٹی نہیں بن سکتی، یہ Floor of the House سے یقین دہانی کرائیں، تب یہ Withdraw ہو گی، ایسا تو نہیں ہو گا۔

جناب سپیکر: جناب اپوزیشن لیڈر صاحب۔

جناب عباداللہ خان (قائد حزب اختلاف): شکریہ جناب سپیکر، یہ اس طرح Withdraw نہیں ہو سکتی، جب ممبر خود Withdraw نہ کرے، اس نے Conditionally کہا ہے کہ اگر مگر اس طرح ہو جائے، وہ آپ کمیٹی کو بجٹ بھیج بھی نہیں سکتے، یہ Against the rules ہے، اس پر ووٹنگ ہونی چاہیئے۔

جناب سپیکر: اب انہوں نے Withdraw کر لیا ہے ناں جی۔

قائد حزب اختلاف: نہیں، اس نے نہیں کی۔

جناب سپیکر: اگر وزیر محترم اس پہ ایشورنس دیتے ہیں تو یہ Withdrawn تصور ہو گی۔

قائد حزب اختلاف: جناب سپیکر، وہ Repeatedly کہہ رہا ہے کہ آئیں بائیں شائیں سے کام لیا جا رہا ہے، اس پر ووٹنگ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ کا کیا خیال ہے؟

وزیر قانون و خزانہ: جی ہم جناب سپیکر، ایشورنس دے رہے ہیں کہ اس سے ہم ان شاء اللہ انکوائری کمیٹی بنائیں گے، Facts finding committee اور سی ایم صاحب نے Already اس کی ایشورنس دی ہوئی ہے۔ (تالیاں) کیبنٹ میں اور میرے معزز ممبر مشتاق احمد غنی صاحب نے Already اس کو Withdraw declare کر دیا، تو میرا خیال ہے۔

جناب سپیکر: آپ نے ان کو Assure کرا دیا، آپ مطمئن ہیں جناب مشتاق احمد غنی صاحب۔

وزیر قانون و خزانہ: مائیک On کریں ان کا جی۔

جناب سپیکر: مشتاق احمد غنی صاحب کا مائیک On کریں بھئی۔

جناب مشتاق احمد غنی: سر، لگتا ہے لیڈر آف اپوزیشن کی میرے ساتھ بڑی محبت اور پیار ہے اور بار بار مجھ سے سننا چاہتے ہیں۔ جناب ان کی ایشورنس کے بعد میں نے Withdraw کر لیا ہے۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Since, all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 02; therefore, the question before the House is that Demand No. 02 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand No. 02 is granted.

یہ آپ کے ساتھ اس لئے تھے، ان کے حصے کا کام آج آپ نے کر دیا۔

Mr. Speaker: Demand No. 03: The honourable Minister for Finance, to please move his Demand No. 03. Honourable Minister for Finance, please.

وزیر قانون و خزانہ: جی، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 03 ارب 26 کروڑ 91 لاکھ 82 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2024ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران خزانہ، خزانہ جات اور لوکل فنڈ آڈٹ کے سلسلے میں برداشت کرنا ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is: that a sum not exceeding Rs. 03 arab, 26 crore, 91 lac, 82 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2024, in respect of of Finance, Treasuries and Local Fund Audit.

Cut Motions on Demand No. 3: Mr. Ibad Ullah Khan, MPA, to move his cut motion on Demand No. 03.

جناب عباد اللہ خان (قائد حزب اختلاف): شکریہ جناب سپیکر، یہ میں پہلے اس پر بات کرتا ہوں، یہ مشتاق غنی صاحب نے End پر پھر یہ کہا، جب یہ منسٹر صاحب کہہ رہے ہیں تو میں Withdraw کرتا ہوں، خود اپنی Will اس کی نہیں ہے، تو پھر Against ہے لیکن چلو۔

جناب سپیکر: نہیں، انہوں نے کہا کہ میں Withdraw کرتا ہوں، آپ الفاظ کے اپنی مرضی کے معنی اور مفہوم نہ بیان کریں۔

قائد حزب اختلاف: میں تو جناب سپیکر، سوچ رہا تھا کہ یہ Easily U-turn لیں گے، وہ U-Turn میں اس نے Over turn لے لیا، بہر حال جناب سپیکر، ابھی جو فنانس کا ہے تو فنانس منسٹر نے Move کیا ہے، طریقہ کار یہ ہے جناب سپیکر، جو منسٹری ہے، اس کا منسٹر ہونا چاہیئے کہ وہ خود Move کرے، تو باقی منسٹرز کدھر ہیں؟ جو منسٹر ہے، اپنی منسٹری کا، اپنے ڈویژن کا اس کو Move کرنا چاہیئے، صرف فنانس کا، فنانس کا تو ٹھیک ہے فنانس منسٹر نے Move کیا، اس سے پہلے بھی دو فنانس منسٹر نے Move کئے تو باقی منسٹرز کو چاہیئے کہ وہ آئیں۔

Mr. Speaker: Janab Finance Minister has the authority to move all the Demands. Collective responsibility ہے اس کے پاس۔

قائد حزب اختلاف: بہر حال یہ منسٹرز کو Available کرانا جناب سپیکر، وہ تو میں کہہ رہا ہوں ناں، ٹھیک ہے، وہ تو میں کہہ رہا ہوں، ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: جناب۔

قائد حزب اختلاف: ٹھیک ہے، وہی گزارش تھی کہ جو منسٹر جس ڈویژن سے ہے، وہ خود Move کریں، لہذا میں اپنی وہ جو کٹ موشن ہے، وہ آئیں بائیں شائیں نہ کر کے میں واپس لیتا ہوں۔

Mr. Speaker: Mr. Mushtaq Ahmad Ghani, MPA, to move his cut motion on Demand No. 03.

جناب مشتاق احمد غنی: میں جناب سپیکر، آئیں بائیں شائیں کرنے سے پہلے ہی واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں اور قہقہے)

Mr. Speaker: Mr. Jalal Khan, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 3

Mr. Jalal Khan: Sir, I withdraw my cut motion, thank you.

Mr. Speaker: Mr. Sajjad Ullah, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 3.

جناب سجاد اللہ: جناب، میں بھی Withdraw کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Arbab Muhammad Usman Khan, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 3.

Mr. Speaker: (Not present), lapsed. Ijaz Muhammad, MPA, to move his cut motion on Demand No. 3.

جناب اعجاز محمد: میں بھی واپس لیتا ہوں۔

Mr. Speaker: Ms. Rehana Ismail, MPA, to please move her cut motion on Demand No. 3.

محترمہ ریحانہ اسماعیل: جناب سپیکر، میں اپنی تمام کٹ موشنز واپس لیتی ہوں سوائے ایک، آپ سے پہلے بھی میں نے ذکر کیا، یہ Fourth پہ بات کروں گی، ٹھیک ہے جی، تمام Withdraw کرتی ہوں۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہو گیا جی، Withdraw کر لیں۔

Since, all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 3; therefore, the question before the House is that Demand No. 3 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand No. 3 is granted.

جب Yes کریں تو کم از کم مجھے آواز تو آنی چاہیئے، یہ بھی میں نے لگایا ہوا ہے، ایسے کر دیں، ٹھیک ہے۔

Demand No. 4: The Minister for Law, to please move his Demand No. 4, honourable Minister for Law, please.

جناب آفتاب عالم آفریدی (وزیر قانون و خزانہ): میں تمام معزز ممبران کا جنہوں نے کٹ موشنز واپس لیں، ان کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ Demand for grant No. 4: میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 01 ارب 12 کروڑ 36 لاکھ 35 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دی جائے جو کہ 30 جون 2024ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران محکمہ منصوبہ بندی و ترقی اور شعبہ شماریات کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is: that a sum not exceeding Rs. 01 arab, 12 crore, 36 lac, 35 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2024, in respect of Planning & Development and Statistics Department.

Cut Motions on Demand No. 4: Mr. Mushtaq Ahmad Ghani, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4.

Mr. Mushtaq Ahmad Ghani: Withdrawn.

Mr. Speaker: Mr. Jalal Khan, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4.

Mr. Jalal Khan: I withdraw my cut motion.

Mr. Speaker: Mr. Sajjad Ullah, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4.

Mr. Sajjad Ullah: Withdrawn, Sir.

<u>Mr. Speaker:</u> Mr. Ijaz Muhammad, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4

<u>جناب اعجاز محمد</u>: واپس لیتا ہوں۔

<u>Mr. Speaker</u>: Ms. Rehana Ismail MPA, to please move her cut motion on Demand No. 4.

<u>محترمہ ریحانہ اسماعیل</u>: 10روپے کی کٹ موشن پیش کرتی ہوں۔

<u>Mr. Speaker</u>: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees 10 only.

آپ اس پہ بات کرنا چاہیں تو۔

<u>محترمہ ریحانہ اسماعیل</u>: شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب، میں پچھلی اسمبلی میں بھی ممبر رہی ہوں، ہر سال جب بجٹ پیش ہوتا ہے تو گورنمنٹ بہت تحمل سے اور خوشی سے بجٹ پیش کرتی ہے لیکن پہلا بجٹ ہے کہ میرے خیال میں گورنمنٹ کے لئے درد سر ہے اور Illegal بھی کہہ رہے ہیں سب، لیکن اس کے علاوہ اور کوئی راستہ بھی نہیں ہے، مجبوری ہے کہ آپ نے پاس کرانا ہے۔ جس طرح کہا جاتا ہے کہ دوسروں کا بچہ روئے تو سر میں درد ہوتا ہے اپنا روئے تو دل میں درد ہوتا ہے، تو یہاں پر آج جو بیٹھے ہیں وہ اس کو، آئیں بائیں شائیں والی باتیں بھی بیچ میں ہو رہی ہیں، تو میرے خیال میں یہ بجٹ آپ نے بھی پاس کرانا ہے، ہمیں بھی پتہ ہے، مجبوری ہے تو آج آپ نے جس طرح ریکویسٹ کی، ہم نے آپ کی ریکویسٹ پہ عمل کیا، باقی اس پہ بات نہیں کریں گے، دو چار باتیں کریں گے، پی اینڈ ڈی پہ میں نے دی ہے، پی اینڈ ڈی کا میں یہ نہیں کہوں گی کہ Caretaker میں خاطر خواہ کام نہیں ہوا، بلکہ کئی دہایوں سے ہم دیکھتے آرہے ہیں کہ ہمیں اس میں کوئی بھی خاطر خواہ کام نظر نہیں آرہا، زراعت دیکھ لیں، شاہراہیں دیکھ لیں، آئی ٹی کا شعبہ دیکھ لیں، ہماری انڈسٹری دیکھ لیں، دیہی ترقی دیکھ لیں، کسی شعبے میں بھی ہمیں اس کی کارکردگی نظر نہیں آتی اور Main جو ان کا کام ہے، ہماری شاہراہوں کو اگر دیکھیں، یہ پچھلے اپریل میں جو بارشیں ہوئیں، سوات میں آپ دیکھیں کہ بحرین اور کالام کا رابطہ منقطع ہو گیا، صرف ایک مہینے کی بارشوں میں، یہ آگے جو جولائی میں بارشیں ہونگی تو یہ پی اینڈ ڈی کے ڈیپارٹمنٹ کو میں ابھی سے کہنا چاہ رہی ہوں کہ خدارا اس کے لئے کوئی پلاننگ کرے کیونکہ آگے وہ جو پانی کا جو سیلاب آتا ہے اور جو پریشر سے جولائی میں پانی آتا ہے تو پھر اس کو روک نہیں پائیں گے۔ اس طرح آئی ٹی کے شعبے میں دیکھیں، کہا جاتا تھا کہ ریونیو ڈیپارٹمنٹ ہم اس کو کمپیوٹرائز کریں گے، آج تک ہم نے وہ کمپیوٹرائزیشن نہیں دیکھی، وہ کرپشن ہم نے ختم ہوتی ہوئی

نہیں دیکھی، ریونیو ڈیپارٹمنٹ کے منسٹر سے میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ آپ اگر ہمارے صوبے میں ٹیکسز کا نظام دیکھ لیں، کتنے ٹیکسز بڑھ گئے ہیں، نہ کوئی چیز لے سکتا ہے نہ دے سکتا ہے، باقی صوبوں میں دیکھیں، ٹیکسز کتنے ہیں اور ہمارے صوبے میں دیکھیں ٹیکسز کتنے ہیں؟ تو اس پہ ضرور سوچیئے، آگے آپ کا سالانہ بجٹ آرہا ہے، میرے خیال آپ اس پہ بہت خوشی سے بیٹھیں گے اور اس کو پیش کریں گے اس کے لئے میں کہنا چاہتی ہوں، سپلیمنٹری بجٹ ہم ہر سال کہتے ہیں کہ سپلیمنٹری بجٹ اگر Provision موجود بھی ہے لیکن نہیں ہونا چاہیئے، اتنا زیادہ۔ اسی طرح آج سب کہہ رہے ہیں کہ Illegal ہے، ٹھیک ہے خرچ ہو گیا ہے لیکن اس کو Legalize کرنا تو ایک مجبوری ہے، ہم بھی بیٹھے ہیں، اسی ایوان کے نمائندے ہیں، مجبوراً ہم نے اس کو پاس کرنا ہے جناب، اور پھر آگے سالانہ بجٹ پہ ان شاء اللہ پھر بات ہو گی، کافی محکمے پہ ان شاء اللہ۔ تھینک یو، جی۔

جناب سپیکر: آپ نے Withdraw کر دی ہے ناں؟

محترمہ ریحانہ اسماعیل: جی جی، میں Withdraw کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: Since, all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 4; therefore, the question before the House is that Demand No. 4 may be granted? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The Demand is granted.

Demand No. 5: The Minister for Law, to please move his Demand No. 5. The Minister for Law, please.

وزیر قانون و خزانہ: جی، میں اپوزیشن ممبر، اپنی بہن کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے کٹ موشن واپس لی۔ Demand for grant No. 5، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 01 ارب 22 کروڑ 41 لاکھ 17 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2024ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران سائنس، ٹیکنالوجی و انفارمیشن ٹیکنالوجی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is: that a sum not exceeding Rs. 01 arab, 22 crore, 41 lac, 17 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2024, in respect of Science Technology and Information Technology.

Cut Motions on Demand No. 5: Mr. Mushtaq Ahmad Ghani, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 5.

Mr. Mushtaq Ahmad Ghani: Janab Speaker, I withdraw my all cut motions, all.

Mr. Speaker: Mr. Ijaz Muhammad, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 5.

جناب اعجاز محمد: واپس لیتا ہوں۔

Mr. Speaker: Ms. Rehana Ismail, to please move her cut motion.

اچھا، آپ نے تو ویسے ہی Withdraw کر دی ہے، انہوں نے۔

Since, all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 5; therefore, the question before the House is that Demand No. 5 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand No. 5 is granted.

Demand No. 6, Revenue and Estate: The Minister for Revenue and Estate, to please move his Demand No. 6. Honourable Minister for Revenue and Estate.

جناب نذیر احمد عباسی (وزیر مال واملاک): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 02 ارب 38 کروڑ 90 لاکھ 60 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دی جائے جو کہ 30 جون 2024ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران محکمہ مال گزاری واملاک کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is: that a sum not exceeding Rs. 02 arab, 38 crore, 90 lac, 60 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2024, in respect of Revenue and Estates

Cut Motions on Demand No. 6: Mr. Mushtaq Ahmad Ghani.

انہوں نے Withdraw کر لی ہے۔ ثوبیہ شاہد صاحبہ۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، میں 20 روپے کی کٹ موشن پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees 20 only. Mr Ibad Ullah Khan, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 6.

نکتہ اعتراض

جناب عباد اللہ خان (قائد حزب اختلاف): شکریہ جناب سپیکر، میں یہ تمام اپنی کٹ موشنز Withdraw کر رہا ہوں لیکن، لیکن ایک چیز Mention کر رہا ہوں۔ یہ مشتاق غنی صاحب نے بھی Point out کیا اور اس طرح بجٹ سپیچز میں کافی دوستوں نے Point out کیا کہ یہ جو بجٹ جو آپ پاس کر رہے ہیں، یہ Unconstitutional ہے، تو یہ Article No. 254 are very clear. یہ Unconstitutional نہیں ہے، یہ سارے پڑھ لیں یہ According to Constitution ہے Otherwise میں اپنی تمام جو کٹ موشن ہیں ان کو Withdraw کر رہا ہوں۔ تھینک یو۔

جناب سپیکر: بالکل ٹھیک بات کی آپ نے جی، اور یہ ہاؤس کی توجہ کے لئے بھی ہے کہ آپ آرٹیکل 254 کو دیکھ لیں، اگر آپ چاہتے ہیں تو میں اس کی Reading کر دیتا ہوں، کر دیں جی؟

Failure to, Article 254:

"Failure to comply with requirement as to time does not render an act invalid.

254. When any act or thing is required by the Constitution to be done within a particular period and it is not done within that period, the doing of the act or thing shall not be invalid or otherwise ineffective by reason only that it was not done within that period."

یہ کافی clarity ہے۔

اس میں، تو جو دوستوں کے ذہن میں یہ ابہام تھا کہ کوئی Unconstitutional activity ہو رہی ہے اور باقی اداروں کی طرح Constitution کے اوپر کھڑے ہو کر بات ہو رہی ہے، ان میں یہ Constitution کا جس طرح اپوزیشن لیڈر صاحب نے یہ جو Refer کیا ہے 254، یہ بڑا Clear ہے، اس کے اوپر۔ جناب عارف احمد زئی صاحب میرا خیال ہے It`s quite clear تو It should not be re-vetted when the thing is very much clear. جناب اپوزیشن لیڈر صاحب۔

قائد حزب اختلاف: یہ جو آرٹیکل 254 ہے، وہ بجٹ کے حوالے سے نہیں ہے، وہ جو گورنمنٹ بنی تھی Extension ہوئی تھی اس حوالے سے ہے، بجٹ کے حوالے سے Procedure کے حوالے سے تو میں نے پہلے ذکر کیا تھا کہ یہ Unconstitutional ہم کر رہے ہیں لیکن وہ جو گورنمنٹ پہ Question raise کر رہے ہیں، وہ گورنمنٹ Unconstitutional نہیں تھی یہ 254 آرٹیکل Regarding that government extension تھا۔

جناب سپیکر: یہ اس کی ساری چیزوں کو cover up کرتا ہے جی، یہ ساری چیزوں کو cover up کرتا ہے سر، یہ Generally apply ہوتا ہے ناں ہر چیز پہ، آپ اس کے Context میں جائیں تو ہر چیز بڑی Clarity کے ساتھ، میرا نہیں خیال کہ اس پہ ہمیں کوئی ڈیبیٹ کی ضرورت ہے، کوئی نئی چیز لا رہے ہیں۔

جناب احمد کنڈی: صرف 254 سر، سپیکر صاحب، شکریہ۔ 254 سر Definitely Constitution میں ہے، اس Constitution میں تین چار چیزیں بڑی Colonial power کی ہیں، ہم تو ان سے یہ درخواست کرتے ہیں کہ یہ حقیقی آزادی کی بات کرتے ہیں، غلامی سے نجات کی باتیں کرتے ہیں، ایک سپلیمنٹری گرانٹ ہے جو بعد میں ٹھپے لگائے جاتے ہیں، ایک گورنر کا آرڈی ننس جاری کرنا ہے کیونکہ گورنر آرڈی ننس انگریز دور میں اس وقت جاری کرتا تھا جب World War II چل رہی ہوتی تھی یا کوئی جنگیں چل رہی ہوتی تھیں تو گورنر Specially exercise کرتا تھا، ہم نے اس کو پریکٹس بنا لیا ہے That is not a good practice in parliamentary form of government اور 254 بھی اسی طرح ہے، آپ کل NFC Award کی جو سمری ہے وہ سالانہ پیش نہ کریں، کہیں جی یہ 254 میں دیا ہوا ہے، کل آپ CCI میں کوئی چیز نہ لائیں، کہیں 254 میں دیا ہے، Principles of policy آپ نہیں لاتے، 254 میں دیا ہوا ہے، That is a very bad practice، Constitution میں ہے، No doubt, being a political worker ہم اس کو Admit کرتے ہیں لیکن آپ اس کا سہارا مت لیں، یہ کوئی اچھی Exercise نہیں ہے، صرف میرا اتنا ہی وہ تھا۔ تھینک یو۔

بجٹ برائے رواں مالی سال 24-2023 کے مطالبات زر پر بحث اور رائے شماری

Mr. Speaker: Arbab Muhammad Usman Khan, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 6. (Not present), lapsed. Mr.

Ahmad Kundi, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 6.

جناب احمد کنڈی: سر، میں باقی ساری Withdraw کرتا ہوں، پولیس پہ ایک دو منٹ لوں گا آپ سے، اگر آپ چاہیں تو یہ Withdraw کرلیتا ہوں، ساری Withdraw کرتا ہوں، باقی پولیس پہ ایک دو منٹ لوں گا۔

جناب سپیکر: پہلے Put کردوں پھر آپ بول لیں۔ اچھا، ہوم پہ آپ بات کرنا چاہتے ہیں۔

Mr. Ijaz Muhammad, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 6.

جناب اعجاز محمد: میں کٹوتی پیش کرتا ہوں، میں 100 روپے کی کٹوتی پیش کرتا ہوں اور بات کرنا چاہتا ہوں جی۔

Mr.Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees 100 only. Ms. Rehana Ismail.

مسز ریحانہ اسماعیل، انہوں نے تو Withdraw کرلی ہیں ساری۔ جی، اعجاز محمد، ایم پی اے صاحب۔

جناب اعجاز محمد: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریه، جناب سپیکر صاحب۔ زه پښتو کښې خبرې کول غواړم، چې کوم زمونږه د محکمه مال کاکردګی ده، دا بالکل زیرو ده، که هغه پټواری صاحب دے، که هغه ګرداورصاحب دے او که هغه تحصیلدار صاحب دے جی، سر جی، یوخو مختصر زمونږد علاقې په دېکښې زیات تر جرګې کیږي د خلقو د زمکې مسئلې دی او شکر الحمدلله هغه جرګې مونږ کوؤ، نه عدالت ته ضرورت راځی او نه تهانړې ته ضرورت راځی خو چې کله مونږ پټواری صاحب له د علاقې یو کس وراولیږو نو اول ترې پټواری صاحب د فرد د پاره د پیسو ډیمانډ کوی، که دغه شان تحصیلدار صاحب دے، که دغه شان ګرداورو صاحب دے، چرته ګرداور مقرر شی په علاقه باندې، چرته دخل راغستلے کیږی نو هغه سرکاری دخل غریب سړے بغیر د رشوت او بغیر د پیسو نه شی کولے۔ جناب سپیکر صاحب، دغه شان دا ځومره چې په دې حال کښې ناست یو په هر کور کښې اکثر مړے اوشی جی، چې کله مړے اوشی، د هغې د پاره د وراثت ضرورت وی، هم دغه پټواریانو صاحبانو له چې ورشی نو هغه زمونږ خلق یو خوا مړے شوے وی، بل خوا ته هغوی خوار وذلیل کړی۔ جناب سپیکر صاحب، بله ستاسو نوټس کښې راوستل غواړم چې کوم پټواریان دلته

ناست دی، د تیرو لسو کالو نه نو هغه مکمل ټهیکیداران دی جی، هغه دلته په پیسو راوستې شوی دی، باقاعده زه ستاسو په نوټس کښې دا خبره راوستل غواړم چې په دې باندې مکمل کار اوکړے شي۔ دویم نمبر جی دلته زمو نړ د پټواری سسټم بار بار مونږ اورو چې دا کمپیوټرائزډ، کمپیوټرائزډ، کمپیوټرائزډ، تر نن تاریخه پورې هغه کمپیوټرائزډ شوے نه دے، نو جناب سپیکر صاحب، دا مختصر څو خبرې ستاسو د وړاندې راولم چې دلته په هر PK کښې تیس بتیس ویلیج کونسلې دی او په تیس بتیس ویلیج کونسلو باندې یو یو پټواری ناست دے او هغه باقاعده بنه په غټو پیسو راوستلې شوی دی، هغه له چې غریب سړے ورشي، فری کار د هغه بالکل نه کیږی، نو زه بهر پور مطالبه کوم چې په دې محکمه مال باندې په دې پټوار باندې چې دا په مونږ باندې مسلط شوی دی،په دې باندې پورا پورا تاسو توجه ورکړئ جی او زما مکمل په دې باندې Objection دے جی۔ دویم نمبر سر جی، تاسو د دې خبرې ما نه به تاسو ته بنه علم وی چې د دې پټواریانو صاحبانو د لاسه په علاقو کښې دشمنیانې جوړې شوې، په یو غلط فرد ورکولو باندې د خلقو په کورونو کښې مړی اوشول، نو لهذا دا یو دومره غیر سنجیده محکمه ده چې دوئ خپله ډیوټی نه کوی، دوئ غلط فرد ورکوی، دوئ غلطه مطالبه کوی، دا خو جی که زه نن ولاړ یم، زه په چا باندې تنقید نه کوم، دا په دې هاؤس کښې د هر سړی فرض جوړیږی چې دغه شان مونږ ته مسئلې جوړوی نو ولې تاسو راغلی یئ جی ناست یئ، مونږ راغلی یو په هاؤس کښې ناست یو، دریمه میاشت مو ده او هغه خلق ناست دی چې هغوی نن د کرپشن بازار گرم کړے دے، ولې ناست دی جی؟ په دې باندې جی زه باقاعده تاسو ته درخواست کوم چې په دې باندې غور اوکړئ جی او دا یوازې زه نه، چې په دې هاؤس کښې هر ممبر ناست دے، دا د هغه مطالبه ده جی۔ ډیره مهربانی جی، شکریه۔

جناب سپیکر: جناب آنریبل منسٹر صاحب۔

جناب نذیر احمد عباسی (وزیر برائے مال واملاک): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جی، میرے Colleague نے، دوست نے جو نشاندہی کی ہے، گزشتہ حکومت اور اس حکومت میں، ہم بہتری اس میں لارہے ہیں، کمپوٹرائزیشن جو تھا ہمارا فیز ون ہے،اس میں ہم Eighty five percent تک ہم کام

کر چکے ہیں اور اس جون تک ہمارا ٹارگٹ تھا کہ Hundred percent ہم کر سکیں اور فیز ٹو جو ہے وہ اسی سال دسمبر تک ہم کرنا چاہ رہے ہیں۔ دیکھیں، آپ اگر دیکھتے ہیں سارے کو کہ اس ملک اس صوبے کے اندر اس وقت ہمارا Fifty percent سے زیادہ وہ ایریا ہے جو Settlement میں نہیں ہے اور اس میں ہزارہ بھی ہے اور اس میں Newly Merged Area بھی ہے، اس میں ملاکنڈ بھی ہے، تو چیزوں کے لئے آپ بالکل تجاویز دیں، اس میں بہتری لانے کی جو آپ کی تجاویز ہوں گی، ان کو خیر مقدم بھی کریں گے، ان میں بہتری لائیں گے بھی۔ جس طرح ہم اس میں کچھ قانونی تبدیلیاں بھی لا رہے ہیں، ایک مانیٹرنگ سسٹم بھی اس میں لا رہے ہیں لیکن ایک One go میں یہ چیزیں نہیں ہو سکتیں کیونکہ آپ کا یہ نظام جو ہے، سچی بات ہے کہ ماضی میں اس پہ جو ہونا چاہیئے تھا وہ نہیں ہوا جس کی وجہ سے اس میں خرابیاں جو آپ نشاندہی کر رہے ہیں، بالکل موجود ہیں لیکن ان سب چیزوں کو ہم اچھے طریقے سے دیکھ بھی رہے ہیں اور ان شاء اللہ آپ لوگوں کی تجاویز بھی جو ہوں گی، اس کو بھی ان ریفارمز میں لایا جائے گا اور اس میں بہتری کی جائے گی۔ بہت شکریہ۔

<u>جناب سپیکر</u>: ثوبیہ بی بی، میں Miss کر گیا آپ کو، I am sorry.

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد</u>: جناب سپیکر صاحب، میں صرف ریونیو پہ ایک دو باتیں کروں گی منسٹر صاحب کے ساتھ، اور یہ ایڈمنسٹریشن پہ ایک دو باتیں ابھی سے کر لیتی ہوں اور ہیلتھ پہ بعد میں جب ہیلتھ کا آئے گا تو اس پہ ڈسکشن کروں گی ڈیٹیل سے جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، سب سے پہلے جو ہماری کابینہ نے، اور وزیر اعلیٰ صاحب نے جو کل KP house کے بارے میں، جو گورنر صاحب کی اینکسی خالی کروائیں اور وہ نہیں آئے گا، ان کا داخلہ ممنوع ہے، یہ کیا؟ اس پر میں پرزور مذمت کرتی ہوں اور چاہیے کہ یہ سارا ایوان اس پہ۔

(قطع کلامیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: اچھا، اس پہ ثوبیہ بی بی آپ کٹ موشن پہ بات کریں ناں۔

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد</u>: جناب سپیکر صاحب، دو منٹ، خیر ہے، خیر ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: دیکھیں، پھر اس طرح یہ بات ٹھیک نہیں ہے ناں۔۔ آپ پھر۔۔۔۔۔

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد</u>: Just اس کی پرزور مذمت کرتی ہوں سر، یہ اس کی روایات ہی نہیں ہیں، اگر آپ لوگ یہ چیزیں، یہ سارے ممبران اس کی مذمت کریں اور سی ایم صاحب کو بتائیں کہ اس طرح باتیں یہ ہماری

پختون روایت کی وہ ہے ہی نہیں، روایت ہی نہیں ہے کہ ہم اس طرح کریں۔ تو سر، یہ ایک بات ہے، دوسری میں ریونیو کی بات کروں گی، ریونیو کے جو Twenty two percent ٹیکسز لگائے ہیں جس سے ہمارے صوبے کا جتنا بھی کاروباری بزنس کا وہ ختم ہو چکا ہے، جو Buying / selling تھیں، جس سے بہت سارے گھر چل رہے تھے وہ Completely ختم ہو چکا ہے۔ اگر جب یہ ٹیکس کم تھا جو صوبے کا اس وقت دن میں پچاس، سو پلاٹ بکتے تھے اور اس میں سے کچھ نہ کچھ جاتا تھا لیکن ابھی آپ جائیں، پراپرٹی ڈیلرز کے ساتھ یہ بیٹھ جائیں، چاہے نو مہینے میں تھا یا ابھی ہے، جس میں بھی ہے لیکن ہمارا سارا کاروبار اس سے ختم ہو چکا ہے، جو بھی ریونیو آرہا تھا، وہ بھی بند ہے لیکن آپ لوگ اس بجٹ میں جا کر خود چیک کریں، جو Annual budget آرہا ہے کہ اس پورے سال میں آپ لوگوں کو کیا ملا ہے ریونیو سے؟ باقی جناب سپیکر صاحب، میں صرف ہیلتھ پہ بات کروں گی اور صرف منسٹر صاحب اس ریونیو کا ہمیں Clear کروائیں۔

جناب سپیکر: ابھی آئے گا، ہیلتھ کا آگے آئے گا، پھر اس پہ بات کر لیں۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: کس پہ جی؟

جناب سپیکر: ہیلتھ تو ابھی نہیں ہے ناں۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: سر، وہ اس پہ اس وقت بات کر لونگی، ابھی صرف منسٹر صاحب اس کا Clear کرا دیں مجھے اور باقی جتنی بھی میری ہیں تو وہ پولیس بھی، اور بھی ہیں، ان کا بھی چاہیئے لیکن اس کو میں Withdraw کرتی ہوں۔

جناب سپیکر: آپ ساری کو Withdraw کرتی ہے ناں؟

محترمہ ثوبیہ شاہد: اور باقی سر، ہیلتھ کی Withdraw نہیں کرتی اور اس پہ جو ہے، اس پہ یہ منسٹر صاحب ہمیں جواب دیں۔

جناب سپیکر: اعجاز خان، آپ۔

جناب اعجاز محمد: سپیکر صاحب، منسټر صاحب مخامخ ناست دے ، دے دې مونږ له یقین دهانی راکړی چې تر کوم ځا ئم پورې به یو دا د پټوار سسټم کمپیوټرائزډ شي او تاسو مونږ ته څنګه یقین دهانی راکوئ چې مونږ خپل موشن واپس واخلو جی،

کټ موشن د کومې خبرې یقین دهانی راکوئ جی او څومره ټائم راکوئ جی؟ ټائم راکړئ جی، کمپیوټرائزډ سسټم د پاره ټائم غواړو جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی، ثوبیہ شاہد صاحبہ۔

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد</u>: منسٹر صاحب، جب آپ لوگ 2013 میں آپ لوگوں کی حکومت تھی، اس وقت پی ٹی آئی کی حکومت کا یہ وعدہ تھا کہ ہم نوے دن میں یہ لٹھا سسٹم ختم کریں گے اور پورے صوبے کو ہم کمپیوٹرائزڈ کریں گے، نو(9) سال میں کتنے ڈسٹرکٹس ہوئے ہیں؟اور آپ اپنے اس مطلب اس وعدے کو پورا کریں گے کہ نہیں کریں گے؟ صرف اس کی بھی یقین دہانی کرائیں تو بڑی مہربانی ہو گی۔

<u>جناب سپیکر</u>: جناب وزیر ریونیو، اسٹیٹس۔

<u>وزیر برائے مال واملاک</u>: میں سب سے پہلے تو جو ٹیکس کی بات ہوئی ہے جی، وہ میں بتادیتا ہوں اپنی بہن کو بھی اور اپوزیشن کے جو ہمارے یہ بھائی بیٹھے ہیں، مرکز میں ان کی حکومت ہے، میں ان بھائیوں سے بھی استدعا کروں گا کہ جس ٹیکس کی نشاندہی یہ کر رہے ہیں وہ صوبائی ٹیکس نہیں ہے، صوبائی جو ہمارا ٹیکس ہے وہ انتقال یا اسٹام پیپر کی شکل میں دو پرسنٹ ہے، Capital value tax دو پرسنٹ ہے دونوں جگہوں پہ اور لوکل کونسل جو ٹیکس ہے، وہ بھی دو پرسنٹ ہے، ٹوٹل چھ پرسنٹ ہے اور Five percent رجسٹریشن ہے، مطلب (Six point five percent (6.5% صوبائی ٹیکس ہے، اب باقی جو آپ کا ٹیکس ہے وہ ہمارا ایف بی آر کا ٹیکس ہے جی، فیڈرل گورنمنٹ کا ہے، جس میں Withholding tax جو ہے وہ اگر آپ فائلر ہیں تو تین پرسنٹ ہے اور فائلر نہیں ہیں تو Ten point five percent (10.5%) ہے اور Gaining tax جو ہے، اگر فائلر ہے تو تین پرسنٹ ہے اور اگر فائلر نہیں ہے تو چھ پرسنٹ ہے، یہ (Sixteen point five percent (16.5% جو ٹیکس ہے یہ فیڈرل حکومت کا ہے، میں بالکل آپ نے جو نشاندہی کی کہ اس وقت جو ہمارے انتقالات ہیں وہ بھی رکے ہوئے ہیں، جو ہمارا ٹارگٹ تھا ریونیو کا، وہ بھی ہمیں اب تک موصول نہیں ہوا اور اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ٹیکس ہے، تو مرکز میں آپ لوگوں کی حکومت ہے، ہماری آپ مدد کریں، ہم نے ان سے بارہا درخواست کی ہے، ہماری حکومت نے بھی کی ہے لیکن ابھی تک وہ Respond نہیں کر رہے، تو اس میں آپ ہماری مدد کریں۔ دوسری بات جو میرے بھائی نے کی، اس پہ میں نے آپ کو پہلے بھی عرض کیا، میں دوبارہ اس کو سمجھانے کی کوشش کرتا ہوں کہ ہمارا جو فیز ون ہے وہ Almost Eighty five to ninety percent complete ہو چکا ہے، اس میں کچھ اضلاع ہیں جن میں ہمیں مشکلات تھیں، ان شاء اللہ ہماری

کوشش یہ ہے کہ اس پہلے فیز کو ہم اگلے ایک دو مہینوں میں Clear کریں گے اور وہ مکمل ہو جائے گا۔ فیز ٹو جو ہے وہ اس سال دسمبر تک ہمارا اٹارگٹ ہے تو یہ نہیں ہے کہ جو پرفارمنس ہے یا پراگریس ہے وہ Slow ہے، اس کو ہم کوشش کر رہے ہیں کہ تیزی سے اور بالکل آپ کی یہ ٹھیک بات ہے، جب آپ کا کمپیوٹرائزڈ سسٹم ہو جاتا ہے تو پھر بہت سی کرپشن سے بھی چھٹکارا مل جائے گا، تو ٹیکس کی مد میں میں پھر گزارش کروں گا کہ آپ ہماری مدد کریں، یہ ٹیکس فیڈرل گورنمنٹ کا ہے اور میں بھی اس فورم پہ کھڑا ہو کر ان سے التجاء کروں گا کہ ہم ایک غریب صوبہ ہیں اور اتنی بڑی اماؤنٹ میں ٹیکس دینا ہمارے لوگوں کے بس کی بات نہیں ہے جس کی وجہ سے نہ صرف ہمیں ریونیو یہاں پہ بھی Collect نہیں ہو رہا، ان کا بھی نہیں جارہا، چونکہ چیزیں رکی ہوئی، Stuck ہوئی ہیں تو بالکل میں اس کو سپورٹ کرتا ہوں اور آپ ہماری سپورٹ کریں کیونکہ فیڈرل میں آپ لوگوں کی حکومت ہے، ہم کوشش کریں گے۔

جناب سپیکر: تھینک یو، سر۔ آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں، اس کی بات مکمل کرلیں، آپ بات مکمل کریں۔

وزیر برائے مال واملاک: اکبر صاحب، اکبر صاحب، جناب سپیکر، میں ایک اور یقین دہانی کراتا ہوں کہ جو ہمارا ساڑھے چھ پرسنٹ ٹیکس ہے، صوبائی ٹیکس ہے، ان شاء اللہ اس بجٹ میں ہم کوشش کریں گے، اس میں ایک بڑی آپ کو کمی محسوس ہو گی، ہم کریں گے، اپنے لوگوں کو ریلیف دینا چاہتے ہیں لیکن آپ سے (مداخلت) اس کے بعد آپ نے اس پہ بات کرنی ہے لیکن ادھر جا کر جہاں آپ کو کرنی چاہیئے، آپ اس صوبے کے ہیں، یہ صوبے کے لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، یہ بہت بڑا اور ظالمانہ قسم کا ٹیکس ہے، میں سچی بات کہتا ہوں، تو ہماری فیڈرل گورنمنٹ سے بھی استدعا ہو گی کہ اس پہ نظر ثانی کرے، لوگ اس سے بڑے پریشان ہیں، ریونیو بڑا متاثر ہو گیا ہے، تو اس میں آپ ہماری مدد کریں، تنقید نہ کریں، مدد کریں، ہم جو گزشتہ صوبائی ٹیکس ہے اس میں بھی ان شاء اللہ اس سال ہم کمی کریں گے۔ بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: اعجاز خان۔

